NCLB کے تحت اسکولی بہتری سے متعلق والدین کے لیے اطلاع نامے کا نمونے

عزیز والدین یا سرپرست:

2001 کا کوئی بچہ پیچھے نہ چھوٹے (NCLB) ایک وفاقی قانون ہے جس کا مقصد تمام بچوں کے لیے تعلیم کو بہتر بنانا ہے- یہ اسکولوں کو نتیجے کے لیے ذمہ دار قرار دیتا ہے، والدین کو انتخابات کی زیادہ گنجائش فراہم کرتا ہے، اور تعلیم کے کارآمد طریق کار کو فروغ دیتا ہے- نیویارک شہر محکمۂ تعلیم (NYCDOE) تمام اسکولوں کو طلبا کی حصولیابی کے بلند معیارات پر پہنچنے میں مدد کرنے اور ہر اسکول میں ہر بچہ کو عمدہ تعلیم مہیا کرنے کا پابندِ عہد ہے- ہم ترقی کر رہے ہیں، لیکن ابھی بھی ہمیں اپنے سبھی بچوں کے لیے مزید بہت کام کرنا ہوگا-

جنوری 2007 میں نیویارک ریاست محکمۂ تعلیم نے نیویارک شہر میں چند ایسے اسکول شناخت کیے تھے جو وفاقی NCLB قوانین کے تحت اصلاح کے ضرورت مند ہیں- ان اسکولوں کو مندرجہ ذیل زمروں میں سے ایک کے طور پر شناخت کیا گیا تھا: زمرہ I اصلاح کے ضرورت مند اسکول – پہلا سال، زمرہ I اصلاح کے ضرورت مند اسکول – دوسرا سال، زمرہ I اصلاحی عمل کا اسکول – پہلا سال، زمرہ I اصلاحی عمل کا اسکول – دوسرا سال تنظیم نو کی منصوبہ بندی میں، زمرہ I اسکول زیرِ تنظیم نو – پہلا سال، زمرہ I اسکول زیرِ تنظیم نو – دوسرا سال، یا زمرہ I اسکول زیرِ تنظیم نو – تیسرا سال- اسکا مطلب یہ ہے کہ ان اسکولوں نے ابھی تک انگریزی فنونِ زبان، ریاضی اور / یا سائنس میں ریاستی کارکردگی کی سطح کے معیارات پر پورا اترنے میں اتنی ترقی نہیں کی ہے جسے متناسب سالانہ ترقی [(AYP) adequate yearly progress] کہا جاتا ہے-

ہر ممکن کوشش کی جارہی ہے کہ اسکولوں میں اعلیٰ ترین تعلیمی معیار فراہم کیا جائے جو آپ کے بچے کی ضروریات کی تکمیل کرے- ہمیں یقین ہے کہ شہرپیما اور اسکولی سطح پر جو متعدد مداخلتیں فراہم کی جارہی ہیں اور جو پُرجوش نئے پروگرام متعارف کیے گئے ہیں ان سے یہ اسکولی سال آپ کے بچے کے لیے ایک کامیاب تجربہ ثابت ہوگا- جو پروگرامز اور مداخلتیں نافذ کی گئی ہیں ان میں سے چند یہ ہیں:

- تمام اساتذہ کے لیے پیشہ ورانہ فروغ کے مواقع، جو جدوجہد کر رہے طلبا کی مدد کے نئے طریق کاروں پر خاص توجہ دیں گے؛
- اسکولوں میں تعلیم کے زیادہ لمبے اوقات جس میں اسکول صبح جلد شروع ہوا کریں گے اور بہت سی کلاسوں میں دو اساتذہ کا ہونا ممکن بنائیں گے؛
- ہمارے اسکولوں میں خواندگی اور ریاضی کے اتالیق جو اساتذہ کے تدریس کے طریقے بہتر بنانے کے لیے روزانہ ان کے ساتھ کام کیا کریں گے؛
- جدوجہد کررہے طلبا کے لیے پڑھائی کی نئی حکمت عملیاں اور چھوٹے سائز کی کلاسیں؛
- ہماری کلاسوں کے عملہ میں نہایت قابل اور سند یافتہ اساتذہ کی مسلسل بھرتی؛
- مطالعہ اور ریاضی کی مہارت کے لیے کلاسوں میں زیادہ وقت؛
- روزانہ کی حاضری بڑھانے کی حکمت عملیاں؛ اور
- والدین کی شمولیت کو بڑھانے کے پروگرام-

ہم آپ سے گزارش کریں گے کہ آپ یہ یقینی بنا کر اپنے بچے کی مدد کریں کہ وہ ہر روز بروقت اسکول پہنچے- یہ یقینی بنائیں کہ وہ گھر کے لیے تفویض شدہ کام اور اسکول کے پروجکٹ وقت پر ضرور مکمل کرے- ہم آپکو اسکول کی تمام سرگرمیوں میں شامل ہونے کے لیے بھی مدعو کرتے ہیں- اپنے بچے کی تعلیمی پیش رفت پر نظر رکھنے کے لیے اپنے اسکول کے والدین ربط دہندہ اور بچے کے اساتذہ سے قریبی رابطہ رکھیں- اساتذہ سے کہیں کہ جب بھی کوئی مسئلہ ہو تو آپ کو فوراً آگاہ کریں تاکہ آپ اسے مل کر حل کرسکیں- ہم آپکی اسکول کی انجمن والدین اور اسکول قیادتی ٹیم میں سرگرم شمولیت کی بھی حوصلہ افزائی کرتے ہیں-

2001 کے کوئی بچہ پیچھے نہ چھوٹے (NCLB) کے وفاقی قانون کے تحت نشاندہی کیے گئے اصلاح کے ضرورت مند اسکولوں کے کچھ طالب علم اضافی تعلیمی خدمات (SES) کے مستحق ہیں- SES نجی تعلیمی یا دوسری انسدادی خدمات ہیں جو نیویارک ریاست کے منظور شدہ خدمت فراہم کنندہ کے ذریعے مفت پیش کی جاتی ہیں اور یہ اسکول بعد یا ہفتہ / اتوار کو ہوتی ہیں- اگر آپکا بچہ مفت کھانے کا حقدار ہے، اور ایسے اسکول میں جا رہا ہے جسکو دو یا زیادہ سال سے اصلاح کا ضرورت مند کے طور پر شناخت گیا ہے، تو آپ کو اختیار ہے کہ آپ ریاست کے منظور شدہ خدمت فراہم کنندگان کی فہرست میں سے منتخب کریں- SES پروگرام کے متعلق مخصوص معلومات اس خدمت کے اہل طلبا کے والدین کو ایک الگ مراسلہ کے ذریعے فراہم کی جائیں گی-

کوئی بچہ پیچھے نہ چھوٹے قانون کے تحت، NYCDOE اصلاح کے ضرورت مند اسکول میں درج طلبا کو یہ اختیار بھی دیتا ہے کہ وہ کسی دوسرے پبلک اسکول میں تبادلہ کی درخواست دیں- جسکی نشاندہی اصلاح کے ضرورت مند اسکول کے طور پر نہ ہوئی ہو- تبادلہ کا فیصلہ کرتے وقت وفاقی قانون کا تقاضہ ہے کہ NYCDOE ان کمتر کارکردگی والے طلبا کو اولیت دے جو کم آمدنی والے خاندان سے تعلق رکھتے ہوں- مزید معلومات اور درخواست اہل طلبا کے والدین کو بعد میں بھیجی جائے گی-

اگر آپ یہ معلوم کرنا چاہیں کہ آپ کا اسکول ضلع کے دیگر اسکولوں کے مقابلہ میں تعلیمی طور پر کیسا چل رہا ہے تو آپ اسکول کے والدین ربط دہندہ سے گزارش کرکے اسکول کے رپورٹ کارڈ کی ایک مطبوعہ نقل حاصل کرسکتے ہیں- اسکول کے تمام رپورٹ کارڈ NYCDOE کی ویب سائٹ http://schools.nyc.gov/daa/SchoolReports/default.asp پر بھی ملاحظہ کیے جاسکتے ہیں-

ہر شناخت شدہ اسکول میں والدین کے ایک اجلاس کا اہتمام کیا گیا ہے جس میں اسکول کی بہتری کے لیے مذکورہ مداخلتوں اور پروگراموں سے متعلق آپ کے کسی بھی سوال کا جواب دیا جائے گا- اس اجلاس میں پبلک اسکول منتقلی انتخاب کے عمل اور SES کے متعلق آپ کو مزید معلومات فراہم کی جائیں گی-

آپ کی لگاتار حمایت اور تعاون کے لیے آپ کا شکریہ- ہم اپنے تمام طلبا اور اسکولی برادریوں کے لیے ایک کامیاب سال کے خواہاں ہیں- اگر آپ کے کوئی سوالات یا تشویشات ہوں، تو برائے مہربانی اپنے اسکول کے پرنسپل یا والدین ربط دہندہ سے بے جھجک رابطہ کریں-